بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا لطیفُ

پیشکش

عظیم اللہ قریشی

المعروف

روحانی بابا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یالطیفُ

پیشکش

عظیم اللہ قریشی

المعروف

روحانی بابا

لطیف

روحانی (فلکیاتی) حکمائے فلاسفہ	آب	آتش	خاک	آتش
حروف	ل	ط	ی	ف
جسمانی (ارضی) علمائے غیر فلاسفہ	خاکی	آتش	باد	آتش

اسم لطیف کا تعلق اسمائے انفعالیہ سے ہے اور جیسا کہ جدول میں نظر آ رہا ہے اس کے مطابق اس کا اثر حرف آبی مزاج رکھتا ہے ۔ اگر اس کو وہ لوگ جو کہ آبی مزاج یعنی اے بلڈ گروپ رکھتے ہیں وہ اسم لطیف کا عمل کریں تو با آسانی کامیاب ہو سکتے ہیں ۔ اس کے علاوہ وہ لوگ جن کے نام کے اعداد کا مفرد 2,7,9 ہیں وہ بھی اسم لطیف کی روحانیت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔ (جن کے نام کے اعداد کا مرکب کسی بھی طور 11 بنتا ہے ان کو کسی صورت یہ عمل راس نہیں آئے گا اور الٹا نقصان ہو گا)

دوران عمل ایسی غذا کا استعمال کریں جس کا رنگ سفید ہو اور جس کا ذائقہ کسیلا یا میٹھا ہو جیسے کیلا یا چاول وغیرہ ۔ یاد رکھیں پھیکا ذائقہ بالکل نہیں استعمال کرنا کیونکہ پھر دوران عمل خوف محسوس ہو گا ۔ اور سبزیوں میں بھی ایسی سبزی استعمال کریں جس کا رنگ ہلکا سبز ہو اور جس کا مزاج ٹھنڈا ہو جیسے کدو، توری وغیرہ ۔

اعدادی خصوصیات

اسم لطیف کے اعداد 129 ہیں ۔ چشم بصیرت سے دیکھیں ایک ابتداء ہے اور ایک انتہاء ہے اور درمیان میں ایک بنیادی جفت جس پر ہر جفت پورا تقسیم ہو جاتا ہے ستارے کی طرح جگمگا رہا ہے ۔ یہ اسم اعدادی نقطہ نظر سے دیکھیں تو ایک عدد کا تعلق شمس سے ہے حامل ورد کو عروج و بلندی حاصل ہو گی اور اس کے اقبال کا ستارہ بلند ہو گا اور تسخیر حاصل ہو گی ۔ اور علوم کیمیا وغیرہ منکشف ہو نگیں ۔ دو کا تعلق اسم رحمن سے ہے اور اسم رحمن سے جو متعلقات ہیں وہ حامل ذکر کو حاصل ہو نگے ۔ عدد 9 جو مریخ سے متعلق ہے جس کا خاصہ انتہائی جلال ہے ۔ جو حامل ذکر سے رقابت رکھے گا وہ نقصان اٹھائے گا الغرض دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ رہیگا ۔

عبدالرحمٰن سرہندی (شکاری پوری) کا صدری عملِ اسم لطیف

یہ عمل اپنی مثال آپ ہے اس کا عامل دیواروں کے درمیان میں سے گزر جاتا ہے۔خاکسار کا یہ عمل ماہنامہ آئینہ قسمت میں شائع ہو چکا ہے لیکن بوجوہ کچھ امور کو مخفی رکھا گیا تھا۔

۱۲۹مغز بادام لیں ہر ایک پر ۱۲۹ مرتبہ اسم لطیف پڑھ کر پھونک ماریں کل ۱۲۹روز کا عمل ہے۔ایک برتن پاس رکھیں جس میں ٹھنڈا پانی ہو۔گرمی لگنے پر ہاتھ کے ذریعے منہ پر ملیں۔مغز بادام کو بعد میں پانی میں رکھیں اور صبح نہار منہ کھائیں اور وہ پانی بھی پی لیں۔ایسے موسم میں عمل شروع کریں کہ تمام ۱۲۹روز سردیوں میں ہی گزر جائیں۔

اس اسم سے اشیاء میں باطنی تغیر واقع ہوتا ہے اور عالم خلق میں اس کا ظہور رہتا ہے۔مؤکل ارضی اس کا رہ مان ہے جو کہ عامل کو حجر مکرم یعنی پارس پتھر لا کر دیتا ہے۔حجر مکرم سیاہ رنگ کا ایک چھوٹا سا پتھر ہے اور حیرت انگیز طور پر چمکدار ہے اس سے کیمیا بنتی ہے اور پانی گھی میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

جب یہ عمل شروع کیا جاتا ہے تو اس کی تاثیرات وعجائب اول تو تیسرے روز سے ہی جاری ہو جاتی ہیں اگر عامل کی قوت کمزور ہو تو ۲ ہفتہ بعد اور بہت ہی کمزور عامل تو پھر ۳۳ دن کے بعد تاثیر شروع ہو جاتی ہے۔

شروع شروع میں اس عمل کے دوران عجیب سی بھینی بھینی خوشبو آتی ہے پھر خواب کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے بعد میں یوں محسوس ہوتا ہے کہ مؤکلات آرہے ہیں اور ذاکر کے گرد دائرے کی صورت میں بیٹھ رہے ہیں۔ان مؤکلات کی تعداد ۹ ہوتی ہے۔اگر عامل کی روحانی قوت زیادہ ہو تو بوجہ تسخیر ایک ہجوم بھی محسوس ہوتا ہے۔اصل مؤکلات تو ۹ ہی ہیں باقی ان کے ارضی اعوان ہوتے ہیں ۔مؤکلات کے نام یہ ہیں۔

۱۔ عبداللطیف ۲۔ عبدالطالب ۳۔ عبدالباری

۴۔ عبدالفتاح ۵۔ شعاع ۶۔ نور

۷۔ صالح ۸۔ شعضوض ۹۔ حفیال (اس کے علاوہ کچھ جنات بھی ہیں)

تقریباً ۷۰ سے ۹۰ دن کے دوران کشف کھل جاتا ہے دور دراز کے مقامات کی سیر شروع ہو جاتی ہے اس کے بعد اولیاء اللہ سے ملاقاتوں کا مرحلہ آتا ہے۔یہ بات یاد رکھیں کہ ضروری نہیں آنے والے حالات کا کشف یا کشف القبور ہی حاصل ہو بلکہ ہو سکتا ہے کہ کشف القلوب بھی حاصل ہو۔ایک تنبیہ کی جاتی ہے کہ اگر کشف القلوب حاصل ہو تو حتی الامکان دلوں کے بھید جاننے سے پرہیز کریں ورنہ عمل چھوٹ جائے گا کیونکہ حقائق بہت تلخ ہوتے ہیں۔بعض دفعہ مؤکلات آزمانے کے لیئے بہت تلخ حالات پیدا کر دیتے ہیں جس سے چلہ گاہ میں رہنا دشوار ہو جاتا ہے۔

بادام والے عمل میں چونکہ بادام سے جسم میں گرمی بڑھ جائے گی اس لیئے یہ نسخہ بھی ساتھ استعمال کریں۔
السی کے بیج تیس گرام لیں اور اس کا قہوہ پئیں یعنی تیس گرام صبح اور تیس گرام شام کو ایک کلو پانی لیں اور اس میں خوب ابالیں جب آدھا رہ جائے تو پی لیا کریں۔ ساتھ ہی ساتھ سونف کا زیادہ سے زیادہ استعمال جاری رکھیں یعنی اس کا قہوہ بنا کر رکھ لیں اور جب پیاس لگے تو اس کو پئیں۔

اسمِ لطیف کا دوسرا اغلاط سے پاک عمل جو کہ شمس المعارف میں مندرج ہے۔

اسم لطیف میں سونا چاندی بنانے اور پانی کو گھی بنانے کی خاصیت بھی ہے اس کے موکل کا نام رومان ہے شب جمعہ کو سات ہزار مرتبہ خلوت میں یہ اسم پڑھو اور پھر اکیس بار دعوت پڑھو اور پھر دو رکعت نماز پڑھو پہلی رکعت میں سورہ کہف اور دوسری رکعت میں سورہ یٰسین پڑھو نماز کے بعد اسم لطیف پڑھو تو موکل حاضر ہو کر تم کو ایک سیاہ پتھر دیگا اس کے استعمال کا طریقہ بھی بتائے گا (دوران عمل عود اور لبان ذکر کی دھونی دو) جب موکل کو رخصت کرنا ہو تو اس سیاہ پتھر کو کہنا جا رخصت ہو جا تو وہ چلا جائیگا جب موکل بلانا ہو تو پھر اس سیاہ پتھر کو آگ دکھاؤ اور دھونی دو موکل حاضر ہو کر کام کرے گا دعوت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللطیفُ الْخافِیْ عَنْ نَظَرَ الْعُیُوْن الْمُنَزَّۃِ عَنْ اَدْرَاکِ الْعُقُوْلِ وَالْاَفْکَارِ الْعَالِمُ بِاِحَاطَۃِ الْمَوْجُوْدَاتِ الْمَتجلیْ بِاَسْرَارِ الْقُلُوْبِ فِیْ جَنَادِسِ الْعُیُوْبِ بِاِظْہَارِ الظُّھُوْرِ فِی الْبُطُوْنِ الْعَالِمِ بِالْاِحَاطَاتِ وَخْتِلَافِ التَّقْدِیْرِ وَبِمَا اُوْجِدَتَ مِنَ الْعَالَمِ الْجَلِیْلِ مِنْھُمْ وَالْحَقِیْرِ وَبِمَاشَاءَ مِنْ حُسْنِ التَّدْبِیْرِ وَالتَّحْرِیْرِ وَاَسْئَلُکَ بِمَا بَطَنَ مِنْ غَوَامِضِ خِفَاءِ الْاَسْرَارِ وَمَا ظَھَرَ دَقَائِقِ التَّکْوِیْنِ فِیْ ظُلَمِ الظُّلُمَاتِ مِنْ ضِیَاءِ اَشِعَۃِ الْاَنْوَارِ اَنْ تَجْذِبَ قَلْبِیْ بِلَطِیْفِ الْکَشْفِ الْفَانِیْ اِلٰی شُھُوْدِکَ الْبَاقِیْ مِنْ لَطَائِفِ الْاَسْرَارِ وَالْمَعَانِیْ لِیَتَنَعَّمَ قَلْبِیْ بِکَ فِیْ سِرِّ اللَّطَائِفِ

وَالـدَّقَـائِـقِ وَنَـزُوْلِ عَـنِّـی مَشْبَهَ الْـمُـشْكَلَاتِ بِظُهُوْرِ تِلْكَ الْحَقَائِقِ۔ اللّٰھمَ اِسْتَـرْنِیْ بِسِرِّ اِسْمِكَ اللطيف مِنْ شَرِّ مُؤْذٍ وَ حَاسِدٍ بِحَقِ اِسْمِكَ اللَّطِيْفُ يَا لَطِيْفُ يا خبيرُ۔

ترجمہ: اللہ جو کہ لطیف اور آشکارہ ہے لیکن نظروں سے پوشیدہ ہے انسانی عقول اور افکار سے (یعنی وہ انسانی افکار اور عقول میں نہیں آسکتا ہے)۔اور اس کے احاطہ علم میں ہیں موجودات (یعنی جو چیزیں وزن رکھتی ہیں اور جگہ گھیرتی ہیں) اور دل میں چھپی باتوں اور رازوں کو اور عیوب پوشیدہ کو یعنی ظاہر اور پوشیدہ دنوں کو یعنی عیوب ظاہری اور پوشیدہ دونوں کو جانتا ہے اور ہر راز سے باخبر ہے۔اور اس کے حیطہ علم میں ہے تقدیروں کا اختلاف (یعنی اچھی اور بری) اور اس کے دائرہ علم میں ہے عالم میں جو جلیل القدر ہیں اور جو حقیر ہیں اور جیسا تو چاہتا ہے ویسی ہی اس کی حسن تدبیر اور تحریر کرتا ہے۔یا اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہے کہ مجھے واقف حال کردے ان رازوں کو جن پر تو نے اخفا کے دبیز پردے ڈالے ہوئے ہیں۔اور ان رازوں کا بھی امین بنا جو کہ دقائق تکوین میں سے ہیں (یعنی علم کیمیا، لیمیا، ہیمیا، سیمیا، ریمیا کی طرف اشارہ ہے) اور وہ بھی جس پر ظلمات چھائے ہوئے ہیں (یعنی جادو ٹونہ وغیرہ یعنی ان کی اصلیت سے مجھے واقف کردے) اور روشنی کی شعاعیں جو کہ نورانی ہیں ان سے میرا قلب منور کردے یعنی میرے قلب میں اتنی وسعت پیدا کر کہ یہ سارے اسرار اس میں سما جائیں۔اے اللہ میرا یہ کشف فانی ہے اور تیرا شہود باقی ہے اپنے تمام لطیف تر اسرار اور معانی کے ساتھ۔اے اللہ میرے قلب پر انعام کردیجئے لطیف راز جو کہ عوام الناس کے لیے دقائق ہیں اور نازل کر مجھ پر حقائق تاکہ مشکلات دور ہوں۔اے اللہ مجھ کو مجھے اسم لطیف کے اسرار کی چادر اوڑھا تاکہ کوئی موذی اور حاسد مجھے نہ دیکھ سکے۔واسطہ دیتا ہوں اسم لطیف اور خبیر کا۔

اسم لطیف کا تیسرا عمل جو کہ انتہائی مفید اور کارآمد ہے اور اس کو ہر بندہ کرسکتا ہے۔اگر خاکسار سے اجازت لیکر کرے تو رجعت نہیں ہوگی اور محفوظ رہے گا۔

برائے رزق و دولت:

اس کے لیئے اللہ لطیف بعبادہ کی مثلث ذوالکتابت درج کی جاتی ہے اس مثلث کا کمال یہ ہے کہ ہر خانہ کے عدد جمل صغیر ۳ ہی آتے ہیں۔کیونکہ ہر ضلع کے ۳ ہی خانے ہیں اور آیت کے الفاظ بھی ۳ ہی ہیں اور ہر طرف سے جو میزان آتی ہے وہ اعداد کے مطابق ہی ہے یعنی 279۔یہ مثلث تسدیس یا تثلیث قمر و زہرہ یا قمر و مشتری یا زہرہ و مشتری میں تیار کریں اور بخور عود و

صندل کا جلائیں۔ چند ہی دنوں میں حاملِ لوح پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ ہر طرف سے آمد ہو گی اور امیر کبیر ہو جائے گا۔

نقش ذوالکتابت

بعبادہ (4)	لطیف (9)	اللہ (2)
۷۵ (3)	۹۳ (5)	۱۱۱ (7)
۱۲۰ (8)	۵۷ (1)	۱۰۲ (6)

نوٹ: انگلش میں تحریر اعداد نقش کی چال کو ظاہر کرتے ہیں۔

زکواۃ: ۲۷۹ نقش روزانہ ۴۰ دن تک لکھتے ہیں اور پھر عمل کو قابو میں رکھنے کے لیئے ۹ نقش روزانہ لکھتے ہیں

زکواۃ کے بعد اس نقش کو کسی شرف قمر میں جو کہ عروج ماہ میں آئے یا قمر کی شمس کے ساتھ نظر تثلیث یا تسدیس ہو اس وقت چاندی کی لوح پر کندہ کرے۔

عروج ماہ میں زکواۃ کے نقش لکھنا شروع کرے اور پھر آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کرے۔ دوران زکواۃ اٹھتے بیٹھتے ہر وقت اللہ لطیف بعبادہ کا ورد جاری رکھے۔

ہدایات برائے عمل اسم لطیف از روئے علم نجوم

علم نجوم میں تین گھر Evil یا منحوس کہلاتے ہیں چھٹا گھر بیماری اور فنانس کا ہے آٹھواں گھر قید اور مخفیات وغیب کا ہے۔ بارہویں گھر کا تعلق نقصانات وخفیہ دشمنوں کا ہے۔

جو بھی اس عمل کو بجالانے کا ارادہ کرے تو اگر تو اسکے پیدائشی زائچے کے تین گھروں چھٹے، آٹھویں اور بارہویں کے مالکان نہایت اچھی پوزیشن میں ہو تو اس کو کامیابی جلد ملے گی۔ جس وقت عمل شروع کرے تو آٹھویں کا مالک ٹرانزٹ میں اچھی حالت میں ہو۔

اگر آٹھویں کا مالک پیدائشی زائچے میں اپنے گھر کا ہو اور خوش قسمتی سے آٹھویں کے مالک کی مہادشا اور انتر دشا چل پڑے تو اس وقت عمل کرے انشاءاللہ کامیاب ہو گا اگر اس کوکب کی مہادشا آپ کے بچپن میں گزر گئی ہو تو پھر اسوقت عمل کریں جب اس کی انتر دشا آجائے اس کے علاوہ عمل کے دوران ٹرانزٹ کو بھی مدنظر رکھا جائے کہ عمل کے دوران کہیں ٹرانزٹ زیادہ لمبا خراب تو نہیں ہو رہا ہے۔ اگر پیدائشی زائچہ میں آٹھویں کا مالک اپنے گھر کا ہو اور آٹھویں کا مالک ٹرانزٹ میں دوسرے گھر میں آجائے تو اسوقت بھی عمل کامیاب ہوتا ہے کیونکہ اسوقت آٹھویں کا مالک اپنے گھر کو مکمل ساتویں نظر سے دیکھ رہا ہوتا ہے۔

اگر آپ کے زائچے کے نویں گھر کا مالک طاقتور ہو اور ٹرانزٹ میں دوسرے گھر میں ہو تو بھی عمل کامیاب ہو سکتا ہے

علاوہ ازایں اگر گیارہواں گھر جو کہ امیدوں کا گھر ہے اس گھر کا مالک اگر پیدائشی زائچے میں طاقتور ہو اور وہ ٹرانزٹ میں گیارہویں گھر میں آجائے تو بھی عمل کیا جا سکتا ہے۔

جس خلوت کرنے کا ارادہ ہو تو اس وقت ایک وقتی زائچہ (پرشن کنڈلی) بنالیں ٹرانزٹ میں چوتھے کا مالک اور نویں کا مالک انتہائی طاقتور ہو ستارے قمر کے قریب نہ ہوں یعنی جس گھر میں قمر ہو اس سے دوسرے گھر میں نہ ہوں ساتویں میں نہ ہوں بارہویں میں نہ ہوں چھٹے، آٹھویں اور بارہویں میں نہ ہوں اور سب سے اہم طالع کا مالک طاقتور ہو۔

یاد رکھیں کہ عمل کے دوران کہ برج قوس ہو گا تو اس دوران اس امر کو بھی مد نظر رکھا جائے کہ اس وقت مہادشا اور انتر دشا کس کی چل رہی ہے اگر وہ زائچے میں طاقتور ستارے کی ہو تو سو فیصد کامیابی ہوگی انشاءاللہ۔

سب سے اہم امر یہ ہے کہ جس دن ہمیشہ طالع قوس کا انتخاب کریں کہ جب برج قوس شرقی افق پر طلوع ہو اس وقت علم شروع کرنا ہے اس وقت ٹرانزٹ میں مشتری اور شمس کو طاقتور ہونا چاہیئے قمر اگر برج سرطان میں نہ ہو تو پھر ثور میں ہونا چاہیئے۔

عمل کا جو طالع نکالا جائے جو وقت چلہ کشی کرنے کا ارادہ ہو تو اسوقت اس کے پیدائشی زائچے کی انتر دشا اس کے زائچے کے کسی سعد کوکب کی چلنی ضروری ہے ورنہ ایسے ہی وقت ضائع کرنے اور عمل کی رجعت اٹھانے والی بات ہے۔

یہ کچھ اہم امور صرف اور صرف اللہ کی رضا کے لیئے آپ لوگوں کے گوش گزار کر دیئے ہیں ورنہ پہلے تو کسی کو ان امور کی سمجھ ہی نہیں ہے اور اگر ہے بھی تو کبھی بھی نہیں بتائے گا۔اے طالب مخفی علوم پس جس تک بھی خاکسار کی یہ کتاب پہنچے تو میری اس کو نصیحت ہے کہ اگر ان دعوات میں کامیابی حاصل ہوگی تو ان فتوحات کو اچھے اور آخرت کو فائدہ پہنچانے والے اعمال میں صرف کرے۔

ایک گزارش کرتا چلوں کہ سوائے ان طالبوں کے جو ان اعمال کو کرنا چاہتے ہیں مزے لینے والے قاری رابطہ نہ کریں کیونکہ اس دنیائے فانی میں ہماری اس مستعار شدہ زندگی میں وقت بہت بڑی دولت اور نعمت ہے سو اپنا اور میرا وقت برباد نہ کریں۔

اے قاری جب میری یہ لکھائی آپ کے ہاتھوں تک پہنچے تو آپ پر لازم ہے کہ بندے کو دعائے خیر سے یاد کریں اور میرے بزرگوں کے لیئے فاتحہ پڑھے اور اگر میرے مرنے کے بعد کسی کو یہ عمل ملے تو خاکسار کے لیئے فاتحہ خوانی کرے۔یہ عمل بتاریخ 24 فروری دو ہزار سولہ 2016ء سرفراز شاہ صاحب کو تفویض کیا گیا جب بندہ زیست رواں کی بیالس بہاریں دیکھ چکا ہے۔

ازطرف عظیم اللہ قریشی عرف روحانی بابا پشاور صدر

03005845630